02/03/2026
07.40 /PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلٹن لےکر میں شبیر الزماں
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز
*........ مغربی ایشیاءمیں جنگی صورتحال نے کی شدت اختیار // ممکنہ تشدد کے سلسلے میں مرکز کی طرف سے ریاستوں کوچوکسی برتنے کا ایک مراسلہ جاری ۔
*........ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جاں بحق ہونے کے بعد ممکنہ مظاہروں کو روکنے کیلئے آج وادی کے تمام ضلعونمیں رہی پابندیاں عائد ۔
*........لیفٹنٹ گورنر نے کی سماج کے تمام طبقوں سے امن بر قرار رکھنے کی اپیل //جمونکشمیر کی موجودہ سکیورٹی صورتحال کا لیا جائزہ۔
اور
*........ایران سے لوٹنے والے جموں کشمیر کے باشندوں کیلئے چوبیس گھنٹے کام کرنے والی ہیلپ لائن قائم۔

جنگ
مغربی ایشیا ءمیں جنگ نے شدت اختیار کر لی ہے ۔ ایران پر اسرائیل اور امریکہ کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے کئے ہیں۔ایران اور ایران کی حمایت یافتہ ملیشیا نے اسرائیل اور خلیج ممالک پر میزائیل داغے ،جبکہ اسرائیل اور امریکہ نے ایران میں حملے کئے ہیں۔
برطانیہ ، فرانس اور جرمنی نے کہا ہے کہ وہ ایران کے حملوں کا جواب دینے کیلئے امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہے اور خلیج ممالک کے ایک گروپ نے کہا ہے کہ ایران کے حملوں کا جواب دینے کا ان کے پاس حق ہے ۔
اس بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ایران کے سکیورٹی کے اعلیٰ افسر علی لا رِیجانی نے زور دے کر کہا کہ ایران امریکہ کے ساتھ بات چیت نہیں کرے گا ۔

مراسلہ
مرکز نے ریاستوں کو ایک مراسلہ جاری کیا ہے ، جس میں اُن سے ایران کے خلاف اسرائیل اور امریکہ کے حملوں کے تناظر میں بھارت میں ممکنہ تشدد کے سلسلے میں چوکسی برتنے کو کہا گیا ہے ۔ ذرائع کے مطابق امور داخلہ کی مرکزی وزارت نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو بھیجے گئے مراسلے میں اُن سے کہا ہے کہ وہ اشتعال انگیز تقریریں کرنے والے ایران نواز شدت پسندمذہبی رہنماؤں کی نشاندہی کریں ۔

صورتحال
ایران میں امریکہ اوراسرائیل کی گولہ باری سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جاں بحق ہونے کے بعد ہو رہے مظاہروں کو روکنے کیلئے آج وادی کے تمام ضلعوں میں پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے عائد کی گئی پابندیونسے معمول کی زندگی متاثر رہی۔ یہ پابندیاں وادی میںپر امن ماحول کو بر قرار رکھنے کیلئے عائد کی گئی تھیں۔احتیاطی طور پر آج وادی کشمیر کے تمام سرکاری اور پرائیوٹ اسکول ، کالج اور یونیورسٹیاں بند رہیں۔حساس علاقوں میں پولیس اور حفاظتی عملے کا اضافی عملہ تعینات کیا گیا تھا ۔ دُکانیں اور تجارتی ادارے بند ہونے کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر پبلک ٹرانسپورٹ کی آوا جائی بھی متاثر رہی ۔

وادی کے کسی بھی علاقے سے کسی ناخوشگوارواقعے کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے ۔
حکام نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و قانون کو بر قرار رکھنے کیلئے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کواپنا بھر پور تعاون دیں۔

رجیجو

دریں اثنا مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ اسرائیل -ایران محاذ آرائی کی وجہ سے پھنسے ہوئے طالب علموں سمیت دیگربھارتی شہریوں کو بچا کر بحفاظت واپس لانے کیلئے سرکار وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں تیزی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔
کانگڑا ہماچل پردیش میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ سابقہ سرکاروں نے اس طرح کی جامع امداد کبھی فراہم نہیں کی ، لیکن اب وزارت خارجہ مختلف ملکوں میں اپنے مشنوں کے توسط سے اس کا اہتمام کر رہی ہے۔

ہیلپ لائن

اِدھرحکومت نے ایران سے لوٹنے والے جمونکشمیر کے باشندونکیلئے 24گھنٹے کام کرنے والی ایک ہیلپ لائن قائم کی ہے ۔
سرینگرمیں قائم کی گئی ہے جس کا نمبر ہے ICCC-2740003-0194یہ ہیلپ لائن

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امن ہماری مجموعی ذمہ داری ہے ۔ انہوں نے سماج کے تمام طبقوں سے اپیل کی کہ وہ امن کو بر قرار رکھیں ۔
جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ایل جی نے امن و قانون کی صورتحال بنائے رکھنے مینپولیس، حفاظتی عملے اور سول انتظامیہ کے عزم اور تال میل کی ستائش کی۔
انہوں نے کہاکہ حکومت مغربی ایشیا ءکی صورتحال پر قریب سے نظر گزر رکھے ہوئے ہے اور یو ٹی کے افسران وزارت خارجہ کے رابطے میں ہیں تاکہ وہاں رہ رہے جموں کشمیر کے باشندوں اور طلباءکی سلامتی کو یقینی بنایاجا سکے ۔

ایل جی

اسی دوران لیفٹنٹ گورنرنے کہا ہے کہ آتم نر بھر بھارت ایک قومی بیداری مہم اور اقتصادی انقلاب کا عکاس ہے ۔ جموں میں فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری آف انڈیا یعنی FTII کے اہتمام سے منعقدہ ” آتم نر بھر بھارت “ کے موضوع پر ایک تقریب پر کلیدی خطبہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ Made In India ۔ اب بھارت پر عالمی تجارت کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے
منوج سنہا نے آتم نر بھر بھارت کو کامیاب بنانے کے لئے معیار ، اختراعیت اور اعتماد کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔
------LG---------

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فارو ق عبداللہ نے وسطی ایشیاءاور مغربی ایشیاءمیں جاری بحران اور ایران کے خلاف اسرائیل اور امریکہ کی مشترکہ کاروائیوں پر تشویش کا اظہا ر کرتے ہوئے امن پسند ممالک اور اقوام متحدہ سے موثر کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے ۔
ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں اور مسائل کو افہام و تفہیم اور پر امن مذاکرات کے ذریعے حل کیاجا سکتا ہے۔

دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں ایک ماتمی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور ایران کے فوت ہوئے دیگر افسروں کو خراج عقیدت پیش کیاگیا۔

بھارت کناڈا

بھارت اور کناڈا نے مختلف شعبوں میں تین سمجھوتوں کا تبادلہ کیا ہے ۔ ان میں اہم معدنیات ، قابل تجدید توانائی کے استعمال کا فروغ اور ثقافتی اشتراک شامل ہیں۔

نے آج نئی دلی کے Mark Carney وزیر اعظم نریندر مودی اور کناڈا کے اُن کے ہم منصب حیدر آباد ہاؤس میں وفود کی سطح کی بات چیت کی ۔ اس میں دونوں رہنماؤں نے بھارت-کناڈا کلیدی ساجھیداری کے مختلف شعبوں میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

بعد میں وزیر اعظم نریند ر مودی نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔

...........PM...........

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر پر Radiokashmir@gmail.co شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

رمضان

نیکیوں کے موسم بہار کا مہینہ رمضان المبارک جاری ہے ۔ اس مہینے میں مسلمان زیادہ ثواب پانے کی غرض سے زیادہ سے زیادہ نیک اعمال بجا لا تے ہیں۔

اس حوالے سے جب ہم نے معروف اسکالر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

------Haleem------

ہمدانی

رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کے سلسلے میں آج وادی کی مساجد ، خانقاہوں ، زیارت گاہوں اور بقہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا انعقاد کیا گیا۔جن میں علمائے دین نے فضیلت رمضان پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔

اس دوران جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مقدس مہینے کے دوران عبادات میں محو ہو کر اللہ کی خوشنودی حاصل کریں۔

زبیر سلیم

رمضان المبارک کے دوران کئی بزرگ جسمانی کمزوری یا کسی بیماری کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ پاتے ہیں۔ تاہم وہ دیگر عبادات سے زیادہ سے زیادہ اجر حاصل کر سکتے ہیں ۔

اس حوالے سے وادی کے ایک معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Zubair Saleem........

نائب وزیر اعلیٰ

کے چیف انجینئردفتر کا دورہ PWD نائب وزیرا علیٰ سرینگر کمار چودھری نے آج جمونمیں کرکے اس کے کام کا جائزہ لیا۔

انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مزید تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کرکے تمام پروجیکٹوں کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

چیف سیکریٹری
شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں کی طرف سے آج جموں کے ایک مقامی ہوٹل میناپک سٹارٹ اپ آؤٹ ریچ پروگرام کا انعقادکیاگیا۔
چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے سٹارٹ اپس کی کامیابی کیلئے کلچر ، کیپسٹی بلڈنگ ،کمرشلائزیشن اور کنکٹیوٹی کو بڑھاوا دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

ایل جی تعزیت
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج ارنیہ میں سپیشل گریڈ کانسٹیبل Sunny Salgotra کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ مذکورہ اہلکار حال ہی میں ایک سڑک حادثے میں جان بحق ہوئے تھے ۔
ایل جی نے سوگوار کنبے کے ساتھ ہمدردی کا اظہا رکرتے ہوئے انہیں حکومت کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔
ذمہ داری
سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔
....(PM)....Byte........
کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک سرکاری ملازم سید منیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
Opening Music
........Byte........
Closing Music
ست شرما
BJP کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست جموں کے پانچ دیہات کے لوگوں پر مشتمل ایک وفد نے شرما کے ساتھ ملاقات کی اور اُن سے مطالبہ کیاکہ پٹھان کوٹ اور جموں کو جوڑنے والے ریلوے ٹریک پر ایک Overbridge- تعمیر کیا جائے
وفد نے دیگرمطالبات سے بھی ست شرما کو روشنا س کرایا ۔ انہوننے وفد کو یقین دلا یا کہ وہ ان تمام مسائل کو متعلقہ حکام کےساتھ اٹھائیں گے۔

پون شرما
جمونکشمیرکے BJP سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے کہاہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ اور تناؤ کے چلتے بھارت کی ترجیحات اپنے قومی مفادات پر مبنی ہونی چاہئے۔
ایک بیان میں انہوننے کہا کہ بھارت کی مضبوطی اس کی گونا گونیت، آئینی فریم ورک اور تہذیبی دانشمندی میں مضمر ہے ۔

شاہین
جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں کشمیر کے دو ر افتادہ اور دیہی علاقوں میں ان کے بقول مفلوج طبی خدمات پربرہمی کا اظہا رکیاہے ۔
ایک بیان میں انہوننے کہا ہے کہ پرائمری اور کیمونٹی ہیلتھ مراکز کی موجودہ صورتحال سرکار ی مشینری کی نا کامی کی کہانیاں بیان کر رہی ہے۔

میرا یوا بھارت

اوریونیورسٹی آف کشمیرکے اشتراک سے وومنز ڈگری کالجNSS میرا یوا بھارت سرینگر نے
پروگرام 28فروری کو اختتام Connect روڈ سرینگر میں ضلع سطح کے یوا پارلیمنٹ اور یواMA
پذیر ہوا ۔

پروگرا م میں ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے 3سو سے زائد طلباءنے
شرکت کی ۔

راجا نگہت امان اور کالج کے پرنسپل کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود SSP تقریب پر
تھیں۔

ریلوے

جموں میں ڈویژنل ریلوے منیجر وویک کمار کی صدارت میں ایڈیشنل ڈویژنل ریلوے منیجر اور
دیگربرانچ افسروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران ریلوے کی وزارت کی ہدایات کے
کو پڑھ کر سُنایا گیا ۔Resolution مطابق سروس

یہ قرار داد حکومت ہند نے عوامی خدمت ، شفافیت ، جوابدہی اور بہتر انتظامیہ کو مضبوط کرنے
کے مقصد سے اختیا رکیا ہے۔

رکشھا کھڑسے

کھیل کود کی مرکزی وزیرمملکت رکشھا کھڑسے نے اس سال خواتین کے بین الاقوامی دن کے
لیگ کا اعلان کیا ہے۔ASMITA موقعے پر ایک منفرد اور ملک گیر

اس لیگ کے مقابلے کھیل کود کی مرکزی وزارت کے زیر اہتمام ملک کے 250مقامات پر کھیلے
جائیں گے۔اس کا اہتمام کھیلو انڈیا اور مائی بھارت نے مل کر کیا ہے۔

کھیلو انڈیا

اب خبر کھیلو انڈیا ونٹر گیمز سے متعلق

........Music........

شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں23سے26فروری تک منعقد ہوئے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز
مقابلوں میں آرمی نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ہماچل پردیش نے دوسری اور ہریانہ نے
تیسری پوزیشن حاصل کی ۔ ان مقابلوں میں جمونو کشمیر نے دسواں مقام حاصل کیا۔

ان مقابلوں مینمیڈل جیتنے والے کئی کھلاڑیوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے
ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

------Players-----

........Music........

کشمیرپولیس

جمونکشمیر پولیس نے پنزگام پلوامہ کے رہنے والے شوکت احمد ڈار اورترال پائین کے رہنے
والے اعجاز احمد شاہ نامی دو جعلسازوں کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے جن پر ایک شکایت
کنندہ سے سرکاری نوکری کے جھوٹے وعدے کی بناءپر سات لاکھ روپے ہڑپنے کاجرم ثابت ہوا
ہے۔اس دوران جمونکشمیر پولیس نے شوپیان اور کولگام اضلاع میں معدنیات کی غیر قانونی
ٹرانسپورٹیشن کرنے میں ملوث پانچ گاڑیاں ضبط کی ہیں۔اسی طرح کی کچھ دیگر
کارروائیونمینجمونکشمیرپولیس نے اونتی پورہ میں پانچ گاڑیونکوضبط کرنے کے علاوہ اس کام
میں ملوث پانچ افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔

جموں پولیس
ضلع پولیس پونچھ اور جے بھارت سیوافاؤنڈیشن روہتک کی طرف سے ضلع کی منڈی علاقے میں دو روزہ مفت طبی کیمپ منعقد کیا گیا۔
ایس پی رورل جموں برجیش شرما نے پرگوال کے نوجوانوں کی طرف سے منعقد کردہ ایک روزہ والی بال ٹونار منٹ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔
جموں رورل پولیس نے انیل سنگھ نامی ایک بدنام زمانہ مجرم کو گرفتار کرکے اس کے خلاف ایک معاملہ درج کر لیا ہے۔
جموں کے رورل پولیس نے ہی ایک لا پتہ لڑکی کو بازیاب کرکے اسے اپنے اہل خانہ کے سپرد کر دیاہے۔

مرمو
صدر جمہوریہ در و پدی مرمو نے آج دلی کی خواتین کیلئے چار اسکیمیں وقف کی ہیں۔ ان میں سلنڈر LPG لکھپتی بیٹا اسکیم ، سہیلی پنک سمارٹ کارڈ ، میری پونجی میرا ادھیکار اور فری اسکیم شامل ہیں۔
اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے اس بات کو اجا گر کیا کہ خواتین معاشرے کے ایک لازمی ستون کی مانند ہیں۔
مطالبہ
عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔
موسم
محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونکشمیر مینموسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت2اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر57منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر28منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔

-